پریس ریلیز

گوجرانوالہ 21 نومبر 2022ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب نے ڈی سی گوجرانوالہ سائرہ عمر سے ملاقات کی جبکہ اس موقع پر سابق سینئر نائب صدر عرفان سہیل بھی ان کے ہمراہ تھے۔ملاقات میں بزنس کمیونٹی وشہریوں کو درپیش مسائل و باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہر میں جگہ جگہ پارکنگ سٹینڈز خصوصاً گوندانوالہ پھاٹک کے قریب پارکنگ پلازہ پر ٹھیکیدار اوور چارجنگ کرکے لوگوں کو پریشان کررہے ہیں جبکہ آئے روز شہریوں کے ساتھ بدسلوکی معمول بن چکا ہے لہذا اس انتظامیہ اس بات کا سخت نوٹس لے۔آفیسر کلب کی تزین وآرائش اور الیکشن کے کروانے جیسے اقدامات کی تعریف کی۔انہوں نے کہا بلاشبہ گوجرانوالہ شہر میں ایک محنتی ،ایماندار اور فرض شناس ڈی صاحبہ تعینات ہیں جو کہ نہ صرف بزنس کمیونٹی اور شہریوں کیلیئے مثالی کردار ادا کررہی ہیں بلکہ شہر کی تعمیر ترقی کیلیئے بھی بہترین کردار ادا کررہی ہیں۔انہوں نے اس بات کی یقین دہانی کرائی کہ گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس انتظامیہ مل کر شہر کی تعمیر وترقی کیلیئے کردار ادا کریں گے۔اس موقع پر سابق سینئر نائب صدر عرفان سہیل نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ گوجرانوالہ پاکستان کا اہم صنعتی شہر ہے یہاں کے ہنرمندوں کی تیار کردہ مصنوعات پوری دنیا میں اپنی الگ پہنچان رکھتی ہیں۔

ڈی سی گوجرانوالہ نے تبادخیال کرتے ہوئے کہا کہ میری کوشش ہے کہ گوجرانوالہ چیمبر اور انتظامیہ کے مابین باہمی روابط کو مضبوط رکھا جائے تاکہ ضلعی انتظامیہ اور چیمبر آف کامرس باہمی مشاورت سے بزنس کمیونٹی کے مسائل حل اور شہر کی تعمیر وترقی میں رول پلے کرسکیں ۔گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی کا ملکی معیشت میں کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے۔علاوہ ازیں انہوں نے کہا کہ چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب نے بزنس کمیونٹی اور کو درپیش جن مسائل کیطرف نشاندہی کروائی ہے اس پر فوری ایکشن لیا جائے گا۔شہریوں کے ساتھ بدسلوکی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔